www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد:14 | بدھ 20 شعبان المعظم 1446ھ 19 فروری 2025ء 7 پھاگن 2081ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 336

اے پی پی کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا مطالعاتی دورہ

وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم سٹیک ہولڈر سمجھتا ہے، سیکرٹری سید آصف شاہ

ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو مکمل ریلیف فراہم کر رہا ہے، بریفنگ

لاہور (اپنے رپورٹر سے) ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ اے پی پی کے دورے پر آئے ہوئے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، سید آصف شاہ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم سٹیک ہولڈر سمجھتا ہے جو وفاقی محتسب کا پیغام عام لوگوں تک موثر طریقے سے پہنچا سکتا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے ایڈ وائزر انوسٹی گیشن، ایڈ وائزر عملدرآمد اور ایڈ وائزر میڈیا بھی موجود تھے جبکہ اے پی پی سی کے وفد میں رب نواز باجوہ، ڈائریکٹر، وی این ایس اور عبدالقدوس، چیف ایڈیٹر، وی این ایس شامل تھے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسران نے بریفنگ کے دوران وفد کو بتایا کہ یہ ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2024ء میں وفاقی محتسب کو ریکارڈ تعداد میں عوامی شکایات موصول ہوئیں، جن کی تعداد 226,373 تھی، جبکہ 223,198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ زیادہ ہیں۔ وفد کو بتایا گیا کہ باہمی تنازعات کو نمٹانے کے غیر رسمی پروگرام (آئی آر ڈی)، آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR)، کھلی کچہریوں کے انعقاد اور ٹیکنالوجی کے زیادہ استعمال جیسے اقدامات سے ادارے کی رسائی اور پہنچ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سال 2024ء کے دوران ادارے کی ایک اور اہم کامیابی اس کے فیصلوں پر موثر عملدرآمد ہے جو کہ 2023ء کے دوران 85.70 فیصد سے بڑھ کر 93.21 فیصد ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ ملک کے 24 بڑے شہروں میں خدمات فراہم کر رہا ہے اور ہیڈ کوارٹر اسلام آباد سمیت تقریباً پورے ملک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ وفاقی محتسب انٹرنیشنل اومبڈسمین انسٹیٹیوشن (IOI) کا فعال رکن ہے، جب کہ ایشیاء میں محتسبین کی 47 رکنی تنظیم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کی صدارت کیلئے پاکستان کے محتسب کا بلامقابلہ انتخاب پاکستان کیلئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ بریفنگ کے بعد سوال/جواب کا سیشن ہوا۔ وفد کے ارکان نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اور اس کے علاقائی دفاتر کے کام اور آپریشنز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے کردار کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کی طرف سے بدانتظامی سے نمٹنے سے ملک میں اچھی حکمرانی اور قانون کی بالادستی قائم کرنے میں مدد ملے گی۔